عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ تھانوں میں آنے والے تمام افراد سے حسن سلوک سے پیش آئیں۔(ڈی پی او ملتان)

● کس زمانے کی بات کرتے ہو دل جلانے کی بات کرتے ہو

☆ ناموسِ رسالت قانون اور حدود آرڈی نینس کا جائزہ لیا جائے۔(پرویز مشرف)

● جائزہ لے کر دیکھو، تم پر اللہ کا قہر وغضب نازل ہوگا۔(ان شاءاللہ)

☆ عراق فوج بھیجی تو عوام امریکی پٹھو کہیں گے۔(وزیر خارجہ قصوری)

● سچ کہا ''میاں مٹھو'' نے

☆ پرویز کی روشن خیالی کے حامی ہیں۔تین کروڑ ڈالر دیں گے۔(امریکہ)

● موجاں ای موجاں، جدھر ویکھو فوجاں ای فوجاں...... ہائے نوٹاں دیاں تھبیاں

☆ تعلیمی افسر، خصوصی بچوں کی خوراک ولباس کے فنڈ زکھا گئے۔(ایک خبر)

● خصوصی بچوں سے خصوصی شفقت!

☆ آئندہ بجٹ، غریب دوست بنائیں گے۔(شجاعت حسین)

● ہم تم ہوں گے باجٹ ہو گا رقص میں سارا آڈٹ ہوگا

☆ عراقی قیدیوں کے ساتھ غیر انسانی سلوک کی تصاویر تقریباً جعلی ہیں۔(ٹونی بلیئر)

● یہ تصاویر بش اور ٹونی کے منہ پر تاریخ کے طمانچے ہیں۔

☆ میوزک کے بارے میں کہا گیا کہ نوجوانوں پر نیگیٹو اثر پڑتا ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔(ٹی وی تبصرہ)

● جی ہاں! میوزک نے بڑے بڑے ''ولی اللہ'' پیدا کئے ہیں مثلاً نصرت فتح علی، غلام علی، امانت علی، حامد علی وغیرہ وغیرہ۔

☆ شادی سے واپس آنے والی دو خواتین کو پولیس، تھانہ نیو ملتان لے گئی۔اجتماعی زیادتی۔منہ میں شراب انڈیلی گئی۔(ایک خبر)

● حکومتاں قائم...... چور ڈاکو وسدے رہن...... پولیس مزے کردی رئے، روشن خیالی پھیلدی رئے

☆ دوسرے جہاز میں منتقل کرتے ہوئے، غلط بیانی سے کام لیا گیا۔(شہباز شریف)

● آپ کے دور میں بھی تو یہی کچھ ہوتا رہا۔